طبیعت پر بقدر گنجایش مادہ وارتفاع موانع چاہتی
ہے اور صفت حکمت جو ہر موجود بالکہ ہر چیز کا انتظام
اوس سے بہتر چاہتی ہے ایک معین وضع بناتی
ہین جو قابل تعدد محتملات وتردد متشاکلات
نہین اور یہ سلسلہ باوجود بذاتہ متعین ہونے کے
صانع حقیقی کا کئی وجہ سے محتاج ہے اول تو
اتصال وجود مین جیسا ظاہر ہو چکا کہ یہ بات
حاصل نہین ہوسکتی مگر اوس سے جو بذاتہ ہست
اور ہست کنندہ ہے اور ایسی حقیقت یا عین
واجب ہے یا لوازم ذات واجب غیر
کی اوس مین شرکت نہین اور جہان کہین
یہ فیض منقطع خیال کیا جائے گا وہان تو الب
امکانی معدوم ہو جائین گے۔ دوسرے یہ کہ اس

وحفظ ونظام این سلسله در اجزا واوکه امور متخالفه
کلیه مشتمل بر مراتب کثیره اند نه تواند شد مگر به قبض و
بسط اسباب یا اوزان ومقادیر محدوده چون
هر یک از آحاد سلسله استیفاے احکام خود ودفع
مخالف می خواهد وبااین کار روانی نه شود پس
لازم گشت ارتباط آن با نچه خارج است ازین
سلسله ومتساوی القیومیت است با آحاد واوغیر ز
حق جل شانه نیست سیوم آن که شناختن این
اوزان ومقادیر محدوده وتعلیم آن بکار گذاران
کارخانه قضا وحکومت در خصومات ایشان
نه تواند شد مگر ازانچه متصل الذات باشد بعین هر یک
از اجزاے این سلسله تا حق طبیعت علی ما هی علیه
شناسد وحاصل باشد او را محک ومعیار این نظام
وضوابط شرح آن معیار در هر حادثه جزئیه وآن
معیار ومحک حقیقی باید که ملایم جمیع طبایع ومکمل همه
واکمل باشد از جمیع حقایق ومنبع جمیع فضایل
واین غیر از وجود حقیقی مطلق نیست ومثالش
استخراج نغمه معین از او تار قانون است که
موقوف بر معرفت نسب ومواضع تقررات و
حفظ صوت غیر قار است به توالی ضربات بر حسب
ایقاعات درین جا ضوابط کثیره واجب الرعایت اند

سلسلہ کے نظام کی حفاظت اور اوس کے اجزا
کا قیام جو امور متخالفہ مشتمل بر مراتب کثیرہ مین
بلا اسباب واوزان ومقادیر محدودہ کے قبض
وبسط کے نہین ہو سکتا اور چونکہ اس سلسلہ مین سے
ہر ایک اپنے احکام کا استیفا ورفع موانع چاہتا
ہے اور اس سے کام پورا نہین ہوتا لہذا اوس کا
ارتباط اوس سے لازم ہوا جو اس سلسلہ سے خارج
اور ہر ایک سے متساوی القیومیت ہو جو حق تعالے
کے سوا کوئی نہین ہو سکتا تیسرے یہ کہ ان اوزان
ومقادیر کی شناخت اور کارکنان قضا وقدر کو
اوس کی تعلیم اور اون کے جھگڑون کا فیصلہ
نہین کر سکتا مگر وہ جو اس سلسلہ کے ہر جزو سے
ذاتاً متصل ہو تا کہ ہر طبیعت کا حق اوسکے موافق
پہچانے اور اس نظام کا معیار وقواعد ہر جزئی
حادثے مین جانے اور وہ معیار حقیقی ہو جو تمام طبائع
کے موافق اور سب کا مکمل اور کل حقائق سے
اکمل اور جملہ فضائل کا منبع ہو جو وجود حقیقی کے
سوا کوئی اور ہو نہین سکتا جس کی مثال کسی
خاص نغمہ کا باجہ سے نکالنا ہے اور وہ راگنیون کی نسبتین
اور انکے تقرر کی جگہین جاننے اور متواتر ضربون سے کھلی ہوئی آواز کو
لیے رہنے پر موقوف ہے یہانپر موقع کی موافق بہت سے ضابطے واجب الرعایت

مثل امتناع ترجیح مرجوح وتخلف از علت تامہ
ووقوع بلا مقتضی وغیر آن وکسی کہ این امور را راجع
با قتضاے طبیعت وجود وامتناع آن می کند
بحقیقت شرح ہمین معیار نمودہ کہ طبیعت وجود خود
ہمان ست واز این ضوابط آنچہ مناسب این بحث
است دو ضابطہ است غفلت از ان موجب سفسطہ
می شود یکے آن کہ معلولات جزئیہ چون متقوم الذات
اند بہ مبادی فاعلہ ومواد قابلہ وصور نوعیہ وجنسیہ
لاجرم در مرتبہ علل کلیہ خود مسلوب الذات ومنتفی
محض خواہند بود بخلاف آن علل کلیہ کہ در مرتبہ
ذات ولوازم خود مستغنی محض اند وآن علل را با علل
خود ہمین نسبت است مثلا زید بما ہو زید متجوہر
نمی شود مگر بعد تعین طبایع ورب النوع انسان
واقسام امزجہ وقواے کواکب پس اعتراض در کلیات
بسبب لزوم شرور جزئیہ در ترکیب آنہا با قطع نظر
از ان کہ بر آنہا ہمہ غایات محمودہ مترتب می شود
کلام لغو وباطل باشد وتغیر احکام طبایع خواستن
براے اصلاح بعض جزئیات ناقصہ مردود عقل
وشرع آرے گاہے بعض جزئیات را متعین در
بعض مواطن می گیریم ویا بہ نسبت بعضے مبادی
شخص تصور کردہ زبان اعتراض بہ تغیر مبادی دیگر

ہین مثلا امتناع ترجیح مرجوح یا تخلف از علت تامہ
وغیرہ اور جو کوئی ان امور کو اقتضاء وامتناع طبیعت
وجود کی طرف راجع کرتا ہے وہ حقیقتاً اسی معیار کی
شرح کرتا ہے کہ وجود کی طبیعت خود وہی ہے اور ان
ضوابط سے اس بحث کے مناسب دو ضابطے ہین
جس سے غفلت سبب سفسطہ ہے۔ ایک یہ کہ معلولات
جزئیہ چونکہ مبادی فاعلہ ومواد قابلہ وصور نوعیہ و
جنسیہ سے متقوم الذات ہین لہذا مرتبہ علل کلیہ مین
خود نیست محض ہونگے بخلاف ان علل کلیہ کے جو
مرتبہ ذات ولوازم مین بالکل مستغنی ہین اور ان
علل کو اپنے علل سے یہی نسبت ہے مثلا زید بما ہو زید
سے متجوہر نہین ہوتا اگر تعین طبایع عناصر ورب النوع
انسان واقسام مزاج وقواے کواکب کے بعد
پس کلیات کی ترکیب مین اعتراض بسبب لزوم
شرور جزئیہ اس سے قطع نظر کرکے کہ ان پر تمام
عمدہ غایات مترتب ہوتے ہین لغو اور بے فائدہ
ہے اور بعض جزئیات ناقصہ کی اصلاح کے لیے
احکام طبایع کا تغیر چاہنا عقلا وشرعا مردود ہے
ہان کبھی بعض جزئیات کو بعض جگہ ہم مقرر
کرتے ہین یا بہ نسبت تصور بعض مبادی دیگر
مبادی کے تغیر پر اعتراض کرتے ہین۔

گشاده می شود وظاهر است که نظر اول در مرتبه
اول نفس ذات سلسله ممکن نیست ونظر ثانی از
قصور فهم خود است دوم آنکه تکمیل هر نوع نمی شود
مگر از راه خواص نوعیه وصفیه و مثلا آهن را بآتش
نرم وبآب سخت توان کرد ونان را بالعکس وتعلیم
اسپ به سواری ست وطوطی به گویائی پس
اعتراض بر تعطیل عمارتے که معمار ندارد بآن که چرا
ریاح وامطار مختلفه آن جهات را نه گماشته اند
به وضعے که خشت وگل بجای نشست و شیاطین
را چرا بر ذات ملکی مشرف نساختند تا از صلحا
می شدند مشعر بر جهالت قائل توان شمرد
فاحفظ - واما خوارق عادات مالوفه پس عادتی
مستمر که وسعت اسباب عینیه وشهادیه مرجع
موجب می شوند بدون تمهید آن اسباب غایات
از قبیل ترجیح مرجوح خواهد بود که منافی قاعدهٔ
حکمت است بالجمله این ملائمت معیار مسمی است
بحق که ما خلق الله السموات والارض و
ما بینهما الا بالحق قالوا ماذا قال ربکم
قالوا الحق - والله یقضی بالحق بیان او ست
وسیلان وجود در هیاکل امکانی مسمی ست به اراده
تکوین چنانچه عزیمت وجدانی سر بر آورده چشم را

ظاہر ہے کہ پہلی نظر مرتبہ اول نفس ذات
سلسلہ مین ممکن نہین اور دوسری نظر اپنی
سمجھ کے قصور سے ہے - دوسرے یہ کہ کسی نوع
کی تکمیل بلا اوس کے خواص نوعیہ و وصفیہ کے
نہین ہوتی مثلا لوہے کو آگ سے نرم اور پانی سے
سخت کر سکتے ہین اور روٹی کو اس کے خلاف
اور گھوڑے کی تعلیم سواری اور طوطی کی گویائی
سے تو اوس عمارت کے ناتمام رہنے پر جس مین
معمار نہین یہ اعتراض کرنا کہ کیون نہ مختلف
ہواؤن اور پانی نے اس کی سمتین اس طرح
مقرر کردین کہ اینٹ اور گارہ خود جسم جاتا
یا شیطانون کو فرشتون سے کیون نہ بزرگ کیا
جو وہ بھی نیک ہو جاتے جہالت ہے اب رہے
خوارق عادات مالوفہ تو وہ ایک عادت مستمرہ ہے
جس کا سبب وسعت اسباب عینیہ و شہادیہ
ہوتے ہین بلا تمہید اسباب و غایات از قبیل
ترجیح مرجوح ہون گے جو قاعدہ حکمت کے
خلاف ہے غرضکہ اسی معیار مناسب کا نام حق
ہے جس کا بیان ما خلق الله السموات والارض
الخ ہے اور ہیاکل امکانی مین سیلان وجود کو
ارادۂ تکوین کہتے ہین چنانچہ ارادۂ قلبی آنکھ م

سلہ پیدا کیا اللہ نے آسمان و زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان مین ہے مگر ٹھیک ۱۲
سلہ کہین کیا کہا تمھارے پروردگار نے وہ کہین جو ٹھیک ہے ۱۲
سلہ اور اللہ ٹھیک ٹھیک حکم کرتا ہے ۱۲

به دیدن و گوش را به شنیدن و زبان را به گفتن و
دست را به گرفتن و پاے را به رفتن می آرد۔
اول منشأ قدر است و ثانی منشأ قضا چنانکه
آتش باز بخاطر خود درخت آتشی انار بعرض دو ذراع
و ارتفاع پنج ذراع تصور کرده است این مرتبۂ
ذات سلسله است بعد ازان برادۂ آهن و برادۂ
مس و شوره و کبریت و انگشت را به وضع و وزن
معین ترتیب داد این مرتبۂ قدر است و باز در وے
آتش زد این مرتبۂ قضا است پس درخت نمودار
می گردد والعلم عند الله

نکتۂ رابعه۔ بدانند که آفرینش انسان بدین گونه
است که او را آئینے داده اند که خود را آن متباین
مبدء و ماده و اعضا و امثال خود می داند و مالک
قوے و جوارح می گردد بطریق علم ضروری وجدانی
اگرچه به فکر بداند که این قوے و اعضا وقتے مفارقت
می کنند پس به اختیار دیگرے هستند اما این علم
مزاحم آن ضرورت نمی تواند شد و ثانیاً قواے علمی
و عملی بخشیده اند و سررشتۂ آن بدست عقل بسته
که اعمال جوارح را تابع داعیه و داعیه را تابع معرفت
مصلحت و مفسدت ساخته و همچنانکه فتح بصر موجب
علم احساسی می شود همچنین انبعاث داعیه موجب

زبان و کان وغیرہ کو دیکھنے سننے کہنے کی طرف
لے جاتا ہے۔ پہلا منشأ قدر اور دوسرا منشأ
قضا ہے جیسے آتشباز نے اپنے دل مین انار کے
آتشی درخت کو دو گز چوڑا اور پانچ گز لانبا
خیال کیا یہ مرتبہ ذات سلسلہ کا ہے پھر لوہے
اور تانبے کا برادہ اور شورہ و گندھک
خاص وضع و وزن سے دیا یہ مرتبۂ قدر
ہے پھر اوس مین آگ دیدی یہ مرتبۂ
قضا ہے تب درخت ظاہر ہوا اور اس سے
زیادہ خدا ہی جانتا ہے

چوتھا نکتہ جاننا چاہیے کہ انسان کی تخلیق
یون ہے کہ اُسے ایک قانون دیا ہے جس سے وہ
خود کو اپنے مادہ و اعضا و امثال سے جدا سمجھتا
اور ضروری و وجدانی علم سے قوے و جوارح کا
مالک ہوتا ہے اگرچہ بذریعۂ تفکر یہ جانے کہ چونکہ
یہ قوے و اعضاء ایک وقت جدا ہوتے ہین
لہذا کسی اور کے اختیار مین ہین مگر یہ جاننا اس ضرورت
کے منافی نہین ہوسکتا دوسرے یہ کہ اُسے قواے علمی و عملی
دیے ہین جنکا سررشتہ عقل کو ملا ہے جسنے اعمال جوارح کو
خواہش اور خواہش کو شناخت مصالح و مفاسد کا تابع کیا ہے جیسے
آنکھ کھولنا علم احساسی کا سبب ہے ویسے خواہش پیدا ہونا اوس کام کا

رضامند گشتن بہ آن کار می شود ویک مرتبہ
ازقوت او بطفیل آن بہ فعل می انجامد وبہ جوہر
آدمی آمیزد و بہ فرمان اضداد و قوتًا و ضعفًا
گوناگون کیفیات را بہ میزان غلبہ و مغلوبیت
فراہم می آرد پس ترتیب و تکمیل او نہ شود مگر از راہ
ہمین قوی چنانکہ از ہمین راہ خصومت و معذرت
و اثبات و استحقاق صناعات و معارف فکری
و ضوابط تمدن می نماید و یکے دیگرے را با مرونہی
تسخیر افادت می کند لاجرم فرمانروائے قضا او را
صاحب تعمیر نشأتین ساختہ بکار خود آوردہ و پے تکمیل
او از راہ خطاب و تعلیم و بعثت رسول ہم جنس فرمود
و شرایع را معیار ساخت تا بہ موافقت و مخالفت
آن مکنونات ضمایر مطیع و عاصی بر ملا افتد و
ہر یکے بہ تکمیل حقیقی و شخصی خود رسد جمعے بہ طفیل
آن بہ مقتضائے کتاب انزلناہ الیک لتخرج
الناس من الظلمات الی النور بہ کمال حقیقی
رسند و جمعے کہ قساوت قلوب و انحراف از متابعت
در جبلت ایشان ست و مخالف مذاق ملأ اعلی
افتادہ اند بطوع و رغبت استیفائے مصلحت خود
اندیشیدہ راہ معاندت پیش گیرند و برنگ و لباس
عداوت بر آیند طعمہ حطمہ گردند و گروہے کشاکش

رضامندی کا سبب ہے جس کے طفیل مین ایک
مرتبہ وہ قوت سے فعل مین آتا اور جوہر
انسانی مین ملتا اور بوجہ قوت و ضعف طرح طرح
کی کیفیات میزان غلبہ و مغلوب مین جمع
کرتا ہے پس اوس کی ترتیب و تکمیل انھین قوے
سے ہوتی ہے چنانچہ اسی سے خصومت و معذرت
و اثبات و استحقاق و صناعات و معارف فکر
و ضوابط تمدن کرتا ہے اسی لیے حاکم قضا و قدر
نے اوس کو صاحب تعمیر نشأتین کیا اور اوس کی
تکمیل خطاب و تعلیم و بعثت رسول ہم جنس سے
فرمائی اور شریعتون کو معیار بنایا تاکہ
اون کی موافقت و مخالفت سے عاصی و
مطیع پہچانے جائین اور ہر ایک اپنی تکمیل
حقیقی و شخصی پر پہونچ جائے اون مین سے
اکثر اون کے طفیل مین بہ مقتضائے کتاب[1]
انزلناہ الیک کمال حقیقی پر پہونچتے
ہین اور اکثر بوجہ قساوت قلبی و انحراف
متابعت جبلی و مخالفت مذاق ملأ اعلے عناد
اختیار کر کے اور برنگ و لباس عداوت
ظاہر ہو کر دوزخ کا لقمہ بنتے ہین۔ اور
کچھ دونون کی کشاکش اوٹھا کر

[1] کتاب نا[زل] کی یعنے اوس ... [اندھ]یری طرف ... آدمیون کو اند[ھیری] سے روشنی طرف نکالے ۱۲

جانبین برداشته ماده ظهور کمال فریقین شوند
قال وما یضل به الا الفاسقین - والله
لا یهدی القوم الظالمین - ویجعل
الرجس علی الذین لا یعقلون باز این الوان منقش
بر نفوس از قبیل اعتقادات ونیات مکتسبه از اعمال
شان را تدبیر الٰهی بجاے تخم ساخته شاخ وبرگ
آخرت را بران مرتب می سازد انما هی اعمالکم
احصیها علیکم پس هر یکے را ثمرهٔ درخت او می چشانند
فذوقوا بما کنتم تکسبون وظاهر است که این
معامله بغایت حسن انتظام سلسلهٔ نوعیه است اگر
گوئی که اعمال ما مقدر او تعالی اند وقدرت اعمالی
نیز پس بنده را در نیت مخالفت تقدیر
او تعالی روا نیست چه که موثر در وجود غیر خدا نیست
پس اگر گوئی که چون اعمال صالحه مقدر اند سعی
بآن وقصد بدان لامحاله بوجود خواهد آمد لاجرم
ما همه مجبور ایم در ترک عمل گویم اصل همین است
ولیکن سنة الله به آن جاریست که سیری عقب
نان خوردن خلق می کند قاصران می پندارند که
نان خوردن سبب سیری ست ؎

هر نیک وبدے که می شود چون ز قضاست
دانستن آن ز غیر از عین خطاست

ماده ظهور کمال فریقین ہوتے ہین ارشاد ہے کہ وما
یضل به الا الفاسقین - والله لا یهدی القوم
الظالمین - ویجعل الرجس علی الذین لا
یعقلون پھر تدبیر الٰہی نفوس کے نقوش رنگین
یعنی اعتقادات ونیات مکتسبہ کو تخم بناکر آخرت کے
شاخ وبرگ اوس پر مرتب کرتی ہے یہ تمھارے اعمال
ہین جو تمھارے لیے لکھے گئے اور ہر ایک کو اوس کا
ثمرہ چکھاتی ہے پس چکھو جو کچھ تم نے حاصل کیا۔ اور
ظاہر ہے کہ سلسلہ نوعیہ کا یہ نہایت عمدہ انتظام ہے
اگر یہ کہا جاے کہ جب بندہ کے اعمال اور قدرت
اعمالیہ خدا ہی کے مقدر کیے ہوے ہین تو اوسے
اوس کی مخالفت کی نیت کرنا جایز نہین کیونکہ خدا
کے سوا موثر فی الوجود کوئی نہین ہے پھر اگر
یہ کہا جاے کہ جب اعمال صالحہ مقدر ہین تو
اون کی کوشش اور قصد ضرور ظاہر ہوگا لہذا
ترک عمل پر سب مجبور ہین تو مین کہونگا کہ در اصل
یہی ہے مگر عادت الٰہی اسی پر جاری ہے کہ سیری
کھانے کے بعد پیدا کرتا ہے حالانکہ قاصر لوگ یہ
سمجھتے ہین کہ کھانا سیر ہونے کا سبب ہے

؎ تمام اچھائی وبرائی تقدیر سے
ہوتی ہے اوسے غیر سے جاننا غلطی ہے

[1] اور نہین گمراہ کرتے ہین اوس سے مگر فاسق لوگ ۱۲

[2] اور اللہ ظالم لوگون کو ہدایت نہین کرتا ۱۲

[3] اور وہ گندگی ڈالتا ہے اون پر جو نہین سمجھتے ۱۲

در چشم کسے که مظهر صدق و صفاست
حق فاعل مطلق است اگر بہ سی راست

واین طائفه اگر گویند که بنده را ہیچ قدرت نیست
جبریه اند و در باب سی صد و شصت و نهم از
فتوحات است اما العارفون من اهل الله
فلا یرون ان ثمه قدرة حادثة اصلاً
یکون عنها فعل فی شیء ـه

رضا بداده و زجبین گره بکشاے
که بر من و تو در اختیار نه کشاده است

اگر گویند قدرت دارد اما قدرت او تاثیر در
افعال او ندارد اشاعره اند وایشان گویند که
فعل عبد مخلوق حق است و مکسوب و مقارن
قدرت اوست واین معنی شبیه است به آن که
شخصے بارے بردارد و کسی دست زیر بار او نهد
بے آنکه تاثیر در باربرداشتن داشته باشد و سبب
ظهور قدرت در وآن ست که او آئینه ذات متصف
به قدرت است و فائده این قدرت آن است که
وقایه حق باشد از نسبت فعل شر باو و وجه مناسبت
این مذهب است حی علی الصلوة از موذن و لا
حول ولا قوة الا بالله از سامع ـه بارہا گفته ام
و بار دیگر می گویم که من گمراه شده این ره نه بخود می پویم

اور سچے کی نظر مین حقیقتاً حق ہی فاعل
مطلق ہے + جو لوگ اس کے قائل ہین کہ بندہ
کو کچھ قدرت نہین وہ جبری ہین فتوحات
کے باب تین سو انہتر مین ہے کہ عرفاء کی
نظر مین کوئی نئی قدرت نہین جس سے
فعل ہوتا ہو ـه خوش رہو اور رنجیدہ نہو کیونکہ
ہم کو اور تم کو مختار نہین کیا ہے۔ اور جو لوگ اس کے
قائل ہین کہ بندہ قادر ہے مگر اوس کی قدرت
افعال مین موثر نہین وہ اشاعرہ ہین جن کے
نزدیک بندے کا فعل حق کا مخلوق تو ہے
مگر اوس کا کسب بندے کی قدرت سے ہے اور
یہ ایسی ہے کہ جیسے کوئی بوجھ اوٹھائے اور دوسرا
شخص جھوٹ موٹھ ہاتھ لگا دے اور اوس مین
ظہور قدرت کا سبب یہ ہے کہ وہ آئینہ ذات
متصف بقدرت ہے جس کا فائدہ یہ ہے کہ
خدا کی طرف برائی منسوب نہ ہو اور اس مذہب
کی وجہ مناسبت موذن کا قول حی
علی الصلوة اور سامع کا جواب
لاحول ولا قوة الا باللہ ہے
ـه مین نے اکثر کہا اور پھر کہتا ہون
کہ مین خود یہ راستہ نہین چلتا +

من اگر خارم وگر گل چمن آرائے ہست +
کہ ازان دست کہ می پروردم مے رویم
در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند +
انچہ استاد ازل گفت ہمان مے گویم
ومعتزلہ برانند کہ بندہ را قدرت ہست
وافعال او مخلوق اوست و این طائفہ انداز
قدریہ کہ ابوداؤد از ابن عمر روایت می کند کہ
آنحضرت صلعم در شان ایشان فرمود القدریۃ
مجوس ھذہ الامۃ چہ مجوس بہ تعدد فاعل
قائل اند می گویند یزدان فاعل خیر است و
اہرمن فاعل شر وہم آنحضرت صلعم فرمود لعنت
القدریۃ علے لسان سبعین نبیا وقدریہ
جمعے اند کہ می گویند کہ خیر وشر بہ قدرت ماست قرآن
بخلاف سخن ایشان ناطق است واللہ خلقکم
وما تعملون - لا الہ الا ھو خالق کل شیء -
جعلوا للہ شرکاء خلقوا کخلقہ فتشابہ
الخلق علیھم قل اللہ خالق کل شیء وھو
الواحد القہار - انا کل شیء خلقناہ بقدر
گر رنج پیشت آید وگر راحت اے حکیم + نسبت مکن بغیر
کہ اینہا خدا کند + در کارخانہ کہ رہ فضل و
عقل نیست + وہم ضعیف ورائے فضولی چرا کند

میرا کانٹا یا پھول ہونا اوسی کا فعل ہے جس کے
ہاتھون پرورش پاتا ہون مین پس پشت آئینہ
طوطی صفت ہون جو کچھ اوستاد ازل نے
کہا وہی مین کہتا ہون +. اور معتزلہ اس کے قائل
ہین کہ بندے کو قدرت ہے اور اوس کے
افعال اوس کے مخلوق ہین اور یہی گروہ قدریہ
ہے جن کی نسبت ابوداؤد حضرت ابن عمرؓ سے
روایت کرتے ہین کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قدریہ اس امت کے مجوس
ہین کیونکہ مجوس متعدد فاعل کے قائل ہین -
یعنی کہتے ہین کہ یزدان فاعل خیر اور اھرمن
فاعل شر ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ و
آلہ وسلم نے فرمایا کہ ستر نبیون نے قدریہ
پر لعنت کی قدریہ وہ لوگ ہین جو کہتے ہین کہ
اچھائی برائی اپنی قدرت سے ہے - اور
قرآن شریف ان کے خلاف ناطق ہے
کہ واللہ خلقکم وما تعملون
سے رنج وراحت کو غیر کی طرف منسوب نہ کرنا
چاہیے کیونکہ ان سب کا فاعل خدا ہے جہان
عقل وفضل کی راہ نہین ہے وہان وہم
اور فضول رائے کیا کر سکتی ہے +

سلہ اور اللہ نے تم کو پیدا کیا اور جو کچھ کہ تم کرتے ہو ۱۲
سلہ نہین کوئی معبود سوا اوس کے وہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے ۱۲
سلہ کیا ٹھہرائے ہین اونھون نے اللہ کے شریک کہ انھون نے کچھ بنایا ہے جیسے اللہ نے بنایا پھر مشتبہ ہوگئی پیدائش اون پر کہہ اللہ ہے ہر چیز کا خالق اور وہی اکیلا زبردست ہے ۱۲
سلہ ہم نے ہر چیز کو اندازہ سے پیدا کیا ۱۲

مطرب بساز عود کہ کس بے اجل نہ مرد
وان کو نہ این ترانہ سراید خطا کند
آنحضرت صلعم فرمود وان تؤمن بالقدر خیرہ
وشرہ وحضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ
بر منبر کوفہ فرمود لیس منا من لم یومن بالقدر
خیرہ وشرہ وحضرت امام جعفر صادق علیہ السلام
با قدریئے گفت فاتحہ بخوان چون بہ ایاک نعبد
وایاک نستعین رسید فرمود چون تو در افعال
خود مستقل ومتمکن بودہ چہ استعانت از حق می کنی
قاضی عبد الجبار معتزلی در خانۂ صاحب ابن عباد
شیخ ابو اسحاق اسفراینی را دید بر سبیل تعریض گفت
سبحان من تنزہ عن الفحشاء شیخ در حال فرمود
سبحان من لا یجری فی ملکہ الا ما یشاء حضرت
صوفیہ می فرمایند کہ بحکم خلق اللہ آدم علی صورتہ
نسبت اقتدار فعل بما نیز ہم از ان رو بود کہ از ما شد
جام گیتی نمائے او مائیم ٭ کہ بما ہرچہ ہست پیدا شد
پس اگر گویم افعال از ماست راست باشد واگر گویم
از حق است ہم حق است ومشہور آنست کہ حکما درین
مسئلہ موافق معتزلہ اند لیکن امعان نظر در کلام محققان
ایشان معطی خلاف این معنی است ومذہب ایشان
آنست کہ فاعل حقیقی خداست ودیگر وسایط آلات اند

مطرب ساز بجا کہ بے موت کوئی نہ مریگا اور جسنے یہ ترانہ نہ گایا
اوسنے سخت غلطی کی آنحضرت صلعم فرماتے ہین کہ اوسکی تقدیر خیر
وشر پر ایمان لانا چاہیے حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ
نے منبر کوفہ پر فرمایا کہ جو تقدیر خیر وشر پر ایمان نہ لائے وہ ہم مین سے
نہین ہے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے ایک
قدری سے فرمایا کہ سورۂ فاتحہ پڑھ جب وہ ایاک نعبد
وایاک نستعین پر پہونچا تو آپنے فرمایا کہ جب تو اپنے افعال
مین مستقل وقائم ہے تو پھر خدا سے کیون مدد مانگتا ہے قاضی
عبد الجبار معتزلی نے صاحب ابن عباد کے یہان شیخ
ابو اسحاق اسفراینی کو دیکھا تو اعتراضاً کہا کہ پاک وہ ذات ہے
جو فحش باتون سے منزہ ہوئی اونھون نے فوراً جواب مین کہا
کہ پاک وہ ذات ہے جسکے ملک مین بجز اوسکی مرضیات کے
اور کچھ نہ ہوا حضرات صوفیہ فرماتے ہین کہ بحکم ان اللہ خلق
آدم علی صورتہ کے قدرت فعل کی نسبت ہم سے
اسلیے ہے کہ وہ ہم سے ہوا ہم اوسکے جام گیتی نما ہین
کہ ہمین سے یہ سب ظاہر ہوا اگر اوسکو ہم اپنے افعال
کہین تو بھی سچ ہے اور اگر حق کے کہین تو بھی سچ ہے
اور مشہور ہے کہ حکما بھی اس مسئلے مین معتزلہ کے موافق ہین
مگر محققین حکما کا کلام بغور دیکھنے سے اس کے خلاف
معلوم ہوتا ہے اون کا مذہب یہ ہے کہ فاعل حقیقی
خداوند تعالے ہے اور دوسرے لوگ ذرایع وآلات ہین

فارسی	اردو
ومقصود از ترتیب سلسلهٔ وجود تعین جهات مختلفه	اور سلسلہ وجود کی ترتیب سے جہات مختلفہ کا تعین مقصود
است که باعتبار آن جهات امور متکثره از واحد	ہے جنکے اعتبار سے امور متکثرہ واحد حقیقی سے صادر ہوتے
حقیقی صادر میشوند از افلاطون نقل می کنند العالم	ہین افلاطون کا قول ہے کہ عالم کرہ اور زمین مرکز اور
کرة والارض مرکزها والانسان هدف والافلاک	انسان ہدف اور آسمان کمان اور حوادث تیر ہین
قسي والحوادث سهام والله الرامي فاين المفر	اور اللہ تیر انداز پھر مفر کی کون جگہ ہے شیخ ابو علی
شیخ ابو علی در اشارات گوید الاول یبدع جوهرا عقلیا	اشارات مین لکھتے ہین کہ اول جوہر عقلی جو حقیقتاً مبدع
هو بالحقیقة مبدع ومتوسطه جوهرا عقلیا	و متوسط ہے جوہر عقلی و جرم سماوی کو ظاہر کرتا ہے اور
وجرما سماویا وشیخ مقتول در هیاکل گوید ان النور	شیخ شہاب الدین مقتول ہیاکل مین لکھتے ہین کہ نور
القوی لایمکن النور الاضعف من الاستقلال	قوی ضعیف مین مستقل روشنی سے متمکن نہین ہوتا ہے
بالانارة فالقوة القاهرة الواجبة لایمکن	پس قوت قاہرہ واجبہ بھی بوجہ اپنے وفور فیض و کمال
الوسایط من الاستقلال لوفور فیضه وکمال قوته	قوت کے مستقل متمکن نہین ہوتی - نیز ہیاکل مین ہے
وهم در هیاکل است لیس ان حرکات الافلاک	کہ حرکات افلاک سے اشیا موجود نہین ہوتے بلکہ
توجد الاشیاء ولکنها تحصل الاستعدادات	اونسے استعداد حاصل ہوتی ہے اور حق ہر چیز کو اوسکی
ویعطی الحق الاول لکل شیء ما یلیق باستعداده	استعداد کے موافق عطا کرتا ہے خواجہ نصیر الدین طوسی
وخواجه نصیر الدین طوسی در شرح اشارات گفته قد شنع	نے شرح اشارات مین لکھا ہے کہ ابو البرکات بغدادی نے
علیهم ابو البرکات البغدادی بانهم نسبوا المعلولات	اون پر اس لیے تشنیع کی کہ اونھون نے مراتب اخیرہ یعنی
التی فی المراتب الاخیرة الی المتوسطة والمتوسطة	معلولات کو متوسط اور متوسطہ کو عالیہ کی طرف منسوب کیا
الی العالیة والواجب ان ینسب الکل الی المبدء الاول	حالانکہ سب کو مبدء اول کی طرف منسوب کرنا اور مراتب کو
ویجعل المراتب شروطا معدة لافاضته ومع هذه	اوسکے افاضہ کے لیے مشروط سمجھنا چاہیے تھا پھر بھی یہ مواخذہ
مؤاخذة تشبه المؤاخذات اللفظیة فان الکل متفقون	مواخذات لفظی کے مشابہ ہے کیونکہ حق سے کل کے صادر
علی صدور الکل منه جل جلاله وان الوجود معلول له	ہونے پر سب متفق ہین اور یہ کہ اوسکا وجود مطلقاً معلول ہے

على الاطلاق فان تساهلوا فى تعاليمهم لم يكن
منافيا لما اسسوه وبنوا مسائلهم عليه امام فخر الدين
رازى در مباحث مشرقيه باين مذهب رفته مى گويد الحق
عندى انه لا مانع من اسناد كل الممكنات الى الله
تعالى لكنها على قسمين منها ما امكانه اللازم لماهيته
كاف فى صدوره عن البارى فلا جرم يكون
وجوده فايضا عن البارى تعالى من غير شرط ومنها
ما لا يكفى امكانه بل لا بد من حدوث امور قبل
حدوثها ليكون الامور السابقة مقربة للعلة
الفياضة الى الامور اللاحقة وذلك انما ينتظم
بحركة سرمدية دورية ثم ان تلك الممكنات متى
استعدت للوجود استعدادا تاما صدرت عن البارى
تعالى ووجدت عنه ولا تاثير للوسايط اصلا
فى الايجاد بل فى الاعداد. مختصر خالق افعال عباد خداست
غير او نه خود هست ونه او را نيز ليكن بنده را اختيار هم هست
اختيارات جزئيه و خالق آن اختيار نيز خداست بدين معنى
كه هر شى بلسان استعداد فيض خاص از خدا مى طلبد و بحكم
ادعونى استجب لكم دعاے او مستجاب ميشود و به مقصود
خود ميرسد ع عاشق كه شد كه دوست بحالش نظر نكرد
اى خواجه درد نيست وگرنه طبيب هست + از جانب
مبدء هيچ بخل نيست هر كه مستعد ايمان هست از خدا

پس اگر اونھون نے اپنی تعلیمات مین تساہل کیا تو یہ اونکی
قواعد مقررہ کے خلاف نہین امام فخر الدین رازی مباحث
مشرقیہ مین اسی طرف گئے کہتے ہین کہ میرے نزدیک حق
یہ ہے کہ تمام ممکنات کو اللہ تعالے کی جانب منسوب کرنے
مین کوئی بات مانع نہین مگر وہ دو طرح پر ہے ایک وہ
جسکا امکان لازم اوسکی ماہیت کے لیے جناب باری
سے اوسکے صدور مین کافی ہو تو ضروری ہے کہ اوسکا
وجود جناب باری سے بلا شرط فایض ہو اور ایک وہ ہے
جسکا امکان کافی نہو بلکہ اوسکے حدوث سے پہلے چند امور
کا حدوث ضروری ہو تا کہ امور سابقہ مقرب ہون علت
فیاضہ کے امور لاحقہ کی طرف اور یہ انتظام بحرکت دوریہ
سرمدیہ ہے پھر یہ ممکنات جب وجود کے لیے پوری طرح
آمادہ ہوتے ہین تو وجود باری تعالے سے صادر ہوتا اور
اوسی سے پایا جاتا ہے اور وسایط کے لیے ایجاد مین
بالکل تاثیر نہین اعداد مین البتہ ہے غرضکہ بندون کے
افعال کا خدا خالق ہے اوسکے سوا نہ کوئی ہے اور نہ
ہو سکتا ہے مگر بندہ کو جزئی اختیارات حاصل ہین جنکا
بھی خالق خدا ہی ہے کیونکہ ہر چیز بزبان استعداد اوسی سے فیض
طلب کرتی ہے اور بحکم ادعونی استجب لکم اپنی مقصود پر پہنچتی ہے ع عاشق
یعنی کون ایسا عاشق ہے جسپر معشوق کی توجہ نہوئی درد ہی نہین ہے
ورنہ طبیب تو موجود ہے مبدا فیض سے بخل نہین ہے جسمین ایمان کی استعداد ہے

ایمان می یابد و ہر کہ مستعد کفر است کفر می یابد
ان الذین کفروا سواء علیھم ٭ ہر چہ ہست
از قامت ناساز بیاندام ماست ٭ ورنہ تشریف تو
بر بالاے کس کوتاہ نیست ٭ از آب واحد در اراضی
مختلفۃ الاستعداد نباتات متنوعہ ظاہر می شوند قیصری
در شرح فصوص الحکم میگوید الاعیان لیست مجعولۃ
بجعل الجاعل لتوجہ الایراد بان یقال لم جعل عین
المھتدی مقتضیۃ للاھتداء وعین الضال مقتضیۃ
للضلال کما لایتوجہ ان یقال لم جعل عین الکلب
کلباً نجساً وعین الانسان انساناً طاہراً بل
الاعیان صور الاسماء الالھیۃ ومظاہرھا فی
العلم بل عین الاسماء والصفات القایمۃ بالذات
القدیمۃ بل عین الذات من حیث الحقیقۃ فھی
ثابتۃ ازلاً ابداً لایتعلق الجعل والایجاد بھا
کما لایتطرق الفناء والعدم الیھا انتھی اصباغ کرباس
را کرباس نمیسازد ورنگ را رنگ نمیکند بلکہ کرباس
را رنگین میسازد خدا تعالی ہم ذات را ذات نمیسازد بلکہ
ذات را موجود میسازد از ابو علی در وقتیکہ آلو میخورد معنی
الماھیات لیست مجعولۃ بجعل الجاعل پرسیدند گفت
کہ جاعل آلو را آلو نمیسازد بلکہ آلو را موجود میکند ثواب و
عقاب خاصیت فعل و نیت ماست فعل و نیت نیک

اوسے ایمان اور جسمین کفر کی استعداد ہی اُسے کفر ملتا ہی ان
الذین کفروا سواء علیھم ٭ جو کچھ خرابی ہے وہ ہمارے جسم کی ہے
ورنہ اُسکا خلعت کسی کے جسم پر چھوٹا نہین ایک پانی سے
مختلف الاستعداد زمینون مین مختلف نباتات نکلتی ہین قیصری
شرح فصوص الحکم مین لکھتے ہین کہ اعیان کسی کے بنائے
ہوئے نہین ہین بوجہ اس اعتراض وارد ہونیکے کہ کیون
عین مہتدی وعین مضل اہتدا واضلال کا مقتضی ہوا یا
یہ کہ کیون کتّے کو نجس اور انسان کو طاہر کیا بلکہ اعیان
صور اسماء الٰہیہ اور اوس کے مظاہر علمیہ ہین بلکہ عین اسماء
وصفات قائمہ بذات قدیمہ بلکہ عین ذات من حیث
الحقیقۃ اور ازلی وابدی ثابت ہین جعل وایجاد
سے متعلق نہین جس طرح فنا وعدم کا اوس مین
گذر نہین انتہی جس طرح رنگریز کپڑے کو کپڑا اور
رنگ کو رنگ نہین بناتا بلکہ کپڑے کو رنگین کرتا ہے
خداے تعالے بھی ذات کو ذات نہین کرتا بلکہ موجود
کرتا ہے شیخ ابو علی آلو کھا رہے تھے لوگون نے
اون سے الماھیات لیست مجعولۃ بجعل
الجاعل کے معنے پوچھے۔ اونھون نے کہا کہ
جاعل آلو کو آلو نہین کرتا بلکہ موجود کرتا ہے
عذاب وثواب ہماری نیت وفعل
کی خاصیت ہے اچھا کام اور اچھی نیت

سلہ جن لوگون نے کفر کیا برابر ہے ان پر ۱۲

مقتضی بہشت ست و فعل و نیت بد مقتضی دوزخ است
چنانچہ سقمونیا مسہل و زہر قاتل ست و محبوب خدا را مانند
بادشاہ مجاز ملاحظہ میکند کہ ہر کہ حکم او شنید خرم شد و در
مقام انعام و احسان رفت و ہر کہ حکم او نشنید ملول شد
و در مقام ایذا و ایلام رفت ہیہات سخن خدا مسہل است
ہر کہ شنید صحت یافت و ہر کہ نشنید مریض ماند و او از صحت
و مرض فارغ است ٥ ز عشق نا تمام ما جمال یار
مستغنی ست ÷ باب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روی زیبا
پس این عذاب و ثواب کہ میکند او حکیم است میداند کہ
احسن نظام و اصلح اوضاع در آفرینش عالم چیست و ہیچ
بخل در وی نیست آنچہ داند و تواند بفعل آرد و اکنون میسر
نیست کہ ہر جزو از اجزای عالم در حد ذات خود بر احسن
اوضاع باشد و کل من حیث الکل نیز بر احسن اوضاع
باشد و ملاحظہ کل انسب است از ملاحظہ جزو بنا بر این
کل با حسن اوضاع مخلوق شدہ و نزد ایشان قضا و عنایت
علم حق است با حسن اوضاع کل و اگر چنین نماید کہ وضع
جزئی از اجزا او بہتر از آنکہ ہست میتواند بود محل مناقشہ نیست
٥ جز حق حکمی کہ ملک را شاید نیست ÷ حکمی کہ ز حکم حق
فزون آید نیست ÷ ہر چیز کہ ہست آنچنان می باید
آن چیز کہ آنچنان نمی باید نیست ÷ معمار کہ طرح خانہ میکند
اشاید کہ بعض اجزاء او بہتر از آنکہ ہست طرح تواند کرد

بہشت کی اور برا کام اور بری نیت دوزخ کی مقتضی
ہے جیسے سقمونیا مسہل بھی ہے اور زہر قاتل بھی۔
محبوب خدا کو بادشاہ مجازی کی طرح دیکھتا ہے جس نے
اوس کا حکم مانا وہ خوش اور انعام و اکرام کا مستحق ہوا
اور جس نے حکم نہ مانا وہ رنجیدہ اور تکلیف اوٹھانے کا
مستحق ہوا ایسے ہی کلام حق بھی مسہل ہے جسنے سنا اوسنے
صحت پائی اور جسنے نہ سنا وہ بیمار رہا اور وہ صحت و مرض
دونون سے فارغ ہے ٥ ز عشق نا تمام ما الخ یعنی
ہماری ناقص محبت سے اوسکا جمال باکمال مستغنی ہے
کیونکہ اوسکے حسن کے لیے خال وخط کی ضرورت نہین
یہ عذاب و ثواب جو کچھ وہ کرتا ہے وہ حکیم ہی جانتا ہی کہ تخلیق
عالم کا بہتر طریقہ کیا ہی اوسکی ذات مین کچھ بخل نہین جو جانتا
ہے وہ کرتا ہے یہ نہین ہوسکتا کہ ہر جزء عالم بھی بذاتہ عمدہ او
کل من حیث الکل بھی عمدہ ہو کیونکہ جزو سی کل کا لحاظ انسب ہے
اسلیے کل بہترین طریقہ پر پیدا ہوا اور انکے نزدیک قضا و عنایت
باحسن اوضاع کل علم حق ہی اگر کسی جزو کی وضع جیسے کہ وہ ہے
اوس سی بہتر کرنا چاہی تو کرسکتا ہی کوئی مناقشہ نہین ٥
جز حق حکمی الخ یعنی خدا کے سوا نہ کوئی حاکم ہے اور نہ اوسکے
حکم سے زائد کسیکا حکم ہوسکتا ہی جو چیز جیسی ہونا چاہیے
بھی ویسی ہوئی اور جو نہ ہونا چاہیے تھی وہ نہوئی معمار جب مکان
بناتا ہی ممکن ہی کہ اوسکے بعض حصے موجودہ صورت سی بہتر بنائے

اما طرح کل مقتضی آن باشد که جزو بران طرح واقع شود
که هست وحالا از تحقیق ماهیت خیر و شر تعلق وی
به سلسلهٔ قضا و قدر و صدور وی از خداوند جهان بروش
حکماء مشائیه که با اصول اسلامی من وجه
منافاتی ندارد بالاجمال نشان داده می آید تا ناظر
دیده ور باطراف علوم بیگانگان هم فرا رسیده به تهذیب
قول امام غزالی در احیاء وظن من یظن ان العلوم
العقلیة مناقضة للعلوم الشرعیة والجمع بینهما
لیس بممکن فهو ظن صادر عن عمی فی عین البصیرة
نگارستهٔ بطبق اصول اسلامی پی به تحقیق بر دو بیاوری
لطیفهٔ دراکه بستر کار فرا رسد باید دانست که چون قضا
وجود صور اشیاء کلی و جزئی بعلم باری و عالم عقلی شمرده
میشود و قدر وجود اشیاء برنگ استعداد در خارج بهمچنان
نزد حکماء در الهیات حکمت اطلاق خیر بدو معنی مقرر بوده
است یکی آنکه خیر باشد بنفس خویش یعنی خیر شی موجود
باشد و کمال او باو وصال و شر که مقابل خیر است
همانست که بالذات معدوم بود و با کمال او بس شر را ذاتی
نبود بلکه وجود خیر محض باشد و عدم شر محض و سلب شیء
همانست که خیر را نیست گرداند و یا کمال وی را و معنی
دوم آنست که از وجود اشیا صادر گردد و همچنین کمالات
آن و مبدء اول بدین معنی خیر محض است و بدین

مگر کل کی بنا یہی چاہتی ہے کہ جزو کی بنا بھی جیسی کہ
ہے ویسی ہو۔ اب ماہیت خیر و شر کی تحقیق اور قضا و قدر سے
اوس کا تعلق اور حضرت حق سے اوس کا صدور
حکماے مشائیہ کے طریقہ پر جو اصول اسلامی کے مخالف
نہین مجمل بتائی جاتی ہے تاکہ ناظرین اوس سے بھی
کچھ واقف ہو جائین حضرت امام غزالی احیاء العلوم مین
تہدیداً فرماتے ہین کہ اکثر لوگ یہ سمجھتے ہین کہ علوم عقلیہ
علوم شرعیہ کے مخالف ہین اور اونمین جمع ممکن نہین
یہ اون کا غلط خیال ہے جاننا چاہیے کہ قضا وجود
صور اشیاء کلی و جزئی بعلم باری و عالم عقلی سمجھی جاتی
ہے اور قدر وجود اشیاء برنگ استعداد خارجی اسی طرح
حکماء کے نزدیک الٰہیات حکمت مین خیر دو معنون پر
بولا جاتا ہے ایک وہ جو بذاتہ خیر ہو یعنی خیر سے موجود
اور اوس کا کمال وصال سے ہو اور جو شر کہ خیر
کے مقابل ہے وہ بالذات معدوم ہے تو شر
کی کوئی ذات نہین بلکہ وجود خیر محض ہوگا
اور عدم شر محض اور سبب شر وہ ہے
جس نے خیر یا کمال خیر کو نیست کر دیا
دوسرے یہ کہ وجود سے اشیاء اور
اون کے کمالات صادر ہون اس طرح
مبدء اول خیر محض ہے۔ اور اس

اعتبار خیر باقسام چند منقسم بودہ است اول آن کہ
خیر محض باشد کہ صدور شر ازو اصلاً صورت نبندد
دوم شر محض کہ ازو ہیچ خیر صادر نہ گردد سوم آنکہ
ہم خیر ازو پدید آید وہم شر لیکن خیر غالب باشد
چہارم آن کہ خیر وشر ہر دو ازو حاصل آید لیکن شر
بر خیر فزون تر باشد وصدور خیر محض بیشتر از
مبدء کل وقضا وقدر وملائکہ مقرب است کہ ایشان
ہمگی اسباب خیرات اند کہ صدور شر وظہور امرے
ناخوشتر از ایشان امکان ندارد وقسم دوم شر محض
کہ ازو خیرے بوجود نیاید واین قسم در اصل موجود
نیست زیرا کہ شر محض بے خیر جز عدم محض بیش
نبودہ است ولیکن قسم سوم کہ خیر دران بر شر
بالاتر وافزون تر بودہ باشد این قسم سزاوار است
کہ موجود باشد وقسم چہارم کہ شر بر خیر راجح بودہ باشد
وجود این نوع عقلا سزاوار نیست کہ احتمال شر بسیار
از بہر لختی از خیر وشر بیش نہ باشد واما قسم سوم
کہ وجود وے سزاوار تر است چون آتش کہ رکنے
از ارکان عالم بودہ است وبر بست وبر نہاد عالم
ارضی وقوام عالم عنصری بدو مربوط واگر نہ آفریدے
بہ نظام عالم خللے پدید آمدے وشر عظیم حادث
گشتے زیرا کہ ہمگی حوادث عالم کون بدو تمام میشوند

اعتبار سے خیر کی کئی قسمین ہین اول وہ جو خیر محض
ہو شر اوس سے بالکل ہو ہی نہ سکے دوسرا
شر محض جس سے کوئی خیر نہ ہو سکے تیسرا وہ جس سے
خیر و شر دونون ہون مگر خیر غالب ہو چوتھا وہ
جس مین شر خیر سے بڑھا ہوا ہو خیر محض کا زائد
صدور مبدء کل وقضا وقدر وملائکہ مقرب سے
ہے جو ہمہ تن اسباب خیرات ہین اور جن سے کوئی
برائی ہو نہین سکتی اور شر محض جس سے کوئی بھی
اچھائی ظاہر نہ ہو یہ قسم حقیقتاً موجود نہین کیونکہ
شر محض معدوم محض ہے مگر تیسری قسم جس مین
خیر شر سے زائد ہو یہ البتہ موجود ہونے کے لائق
ہے اور چوتھی قسم جس مین شر خیر سے زائد ہو
اس کا وجود بھی عقلاً درست نہین کیونکہ تھوڑی
اچھائی کی وجہ سے زائد برائی کا احتمال بھی
برا ہے مگر تیسری قسم کا وجود زائد سزاوار ہے
مثلاً آگ جو ارکان عالم سے ایک رکن ہے اور
جس سے انتظام عالم ارضی وقوام عالم عنصری
وابستہ ہے اگر نہ پیدا کی جاتی تو نظام
عالم مین خلل پڑتا اور شر پیدا
ہوتا کیونکہ تمام حوادث عالم
وجود اوسی آگ سے پورے ہوتے ہین

وکارخانہ بقائے شخصی ونوعی ہم درین کشور ہستی بدو
منتظم می گردد الاچون موجود باشد بہ ملاقات وے
اندکے از شرور حوادث گردد چنانکہ مثلاً وقتے
جامۂ درویشی بینوائے یا پارسائے بسوزاند ہمچنین
باران کہ حیات زمین وبقاے عالم وابستۂ
اوست اگرنہ آفریدے وجود نباتات کہ ہمہ
جانوران بدو زندگی می کنند از میان برخاستے
وبسیط زمین ہمہ ویران وعالم خراب گشتے و
چون بیافریند اگر وقتے سرائے درویشی ویا بیوہ
زنے خراب کند ویا بربام وے سوراخ گرداند
عقلاً مضایقہ ندارد زیراکہ برگذر لختی از شرکہ از وے پدید
آمدہ اگر فرمانروائے قضاوقدر تکوینش ملتوی دارد
ہمہ شرور پیدا شوند کہ از وجود وے پرورش چندین
ہزار گونہ نباتات وزیست چندین جانوران
برگذار تباط سبب بامسبب کہ پرورش افعال
ایزدی بودہ است خود پیدا وآشکار است وخراب
شدن پارہ از سرائے بیوہ زنے وازباد درآمدن کلبۂ
درویشی چون از ضروریات وجود است خود عمارت
وے بار دگر آسان است ودر نیستی باران نہ وجود بیوہ
زن حاصل است نہ سرائے درویشان نہ چندین ہزار
گونہ نباتات وانواع حیوان پس باید کہ عاقل بجود

اور اس عالم کا کارخانہ بقائے شخصی ونوعی اوسی
سے منتظم ہوتا ہے مگر جب موجود ہوتی ہے تو
اوس کے خفیف لگاؤ سے شر پیدا ہوجاتا
ہے مثلاً کبھی کسی فقیر یا پارسا کا کپڑا جل جاتا
اسی طرح پانی جس سے زمین کی زندگی اور
عالم کی بقا روابستہ ہے اگر نہ پیدا کیا جاتا
تو نباتات (جو تمام جانداروں کی زندگی
کا سبب ہے) کا وجود ہی نہ ہوتا زمین ویران
اور عالم خراب ہوجاتا پھر اگر اوس کی وجہ سے
کبھی کسی فقیر یا بیوہ عورت کا گھر کچھ گرجاے
یا چھتیں ٹپکنے لگیں تو عقلاً کچھ حرج نہیں
کیونکہ اگر اس تھوڑی خرابی کے خیال سے
حاکم قضاوقدر اوس کی تکوین ملتوی کردے
تو بہت خرابیاں پیدا ہوجائیں اس لیے
کہ نباتات کی پرورش اور حیوانات کی
روزی جیسی کچھ اوس پر موقوف ہے ظاہر
ہے بیوہ عورت یا فقیر کا گھر کچھ گرجانا یا
خراب ہوجانا اور اوس کا دوبارہ بن جانا
پھر بھی آسان ہے اور پانی نہ ہونے سے نہ تو
بیوہ عورت ہی رہیگی نہ فقیر اور نہ اس قدر
نباتات لہذا عقلمند کو حق شناسی سے

اندیشید و جاودان خداشناس بوده باشد که وجود کل
خوشتر است یا عدم جزوی که باکل هیچ ندارد پس
پدید آمد که بالضرور آفریدن قسم سوم که در و خیر بر شر
راجح و فزون تر باشد عقلا واجب بوده است که اگر نه
آفریدیها تا شر غالب شود و باخر از لختی شر شرور فراوان
حاصل آمدی و پیدا صدور وی باقتضاے عقل از خیر محض
درخورتر بوده است و اگر گوید که چرا این قسم را چنان نه آفریدی
که خیر محض بودے و در و هیچ شر نه بودے گویم که اگر این قسم
چنان آفریدے که خیر محض بودے خود نه این قسم بودے
بلکه قسم اول بودے که فرشتگان مقرب و نفوس فلکی بوده
اند و این قسم خود آفریده اند پس سخن چنان باشد که کسی
گوید که این قسم را چرا آفرید آنگاه جوابش همانست
که از بهر آن آفرید که ممکن و خیر در و غالب بود بر
شر و اگر نه آفریدے شر بر خیر غالب گشتی پس آفریدن
خیر بسیار که اندک شر تابع وے بوده باشد بیش ازین
نگاشته ام که از عدم خوشتر است پس ازین تقریر تعلق
تکوین بعض شرور اضافی به قضا و قدر چون قواے
شهوی و غضبی در حیوان که فی الجمله مبدء شرور و معاصی ست
ظاهر و آشکار است بر عاقل خبیر واضح بوده باشد و نیز
به تقویت همین تقریر سابق تقریرے دیگر نوشته میشود غالب
ناظر دیده ور را دانشی افزاید که همبرین نهج صدور عقوبت و آلام

غور کرنا چاہیے کہ کل کا ہونا اچھا ہے یا جزء کا نہ ہونا
پس معلوم ہوا کہ تیسری قسم کی پیدایش جسمین خیر شر
سے بڑھا ہوا ہے عقلا واجب اور ضروری ہے اگر نہ پیدا
کیا جاتا تو شر بڑھجاتا اور تھوڑے شر سے بہت شر پیدا
ہو جاتا جسکا صدور عقلا خیر محض سے بہتر نہین معلوم
ہوتا - اگر یہ کہا جاے کہ کیون ایسی قسم پیدا نہ کی جو خیر محض
ہوتی جس سے کوئی شر ہی نہ ہوتا تو مین کہونگا کہ اگر یہ
قسم خیر محض ہی پیدا کی جاتی تو خود یہ قسم نہ ہوتی بلکہ
پہلی قسم یعنی فرشتگان مقرب و نفوس فلکی کی ہوتی
جو پیدا ہو چکی ہے تو یہ ویسے ہوا جیسے کوئی کہے کہ
اس قسم کو کیون پیدا کیا اوس وقت اوسکا جواب
یہی ہے کہ اسلیے پیدا کیا کہ اوسکی پیدایش سی ممکن
اور خیر شر پر غالب ہو اگر نہ پیدا کرتے تو شر خیر پر غالب
ہو جاتا اور مین پہلے ہی لکھ چکا ہون کہ جس خیر کثیر کا شر
قلیل تابع ہو اوسکا پیدا کرنا نہ پیدا کرنے سے اچھا ہے
پس اس تقریر سے بعض شرور اضافی کا تعلق وجود
قضا و قدر سے قواے شہوی و غضبی حیوانی کی طرح
جو فی الجملہ مبدء شرور و معاصی ہین عقلمند پر واضح
ہوگا - اور اسی تقریر کی تقویت مین ایک دوسری
تقریر لکھی جاتی ہے جس سے غالبًا ناظرین کے علم
مین اضافہ ہو کہ واجب تعالی یعنی خیر محض سی صدور عذاب و آلام

روحانی کہ بظاہر اجر شر بیش نیست از واجب تعالی
کہ خیر محض است برین عنوان ست کہ ہرگاہ نفس انسانی
در جوہر ذات خویش قابلیت ہرگونہ کمالات انسانی
دارد وجود الہی و حکمت وی مقتضی افاضۂ کمالات
بودہ است لیکن بہ استعداد ہا کہ آن کمالات بہ افعال خیر
حاصل میشوند وازان رو کہ در انسان بعض قوائے گر
تعبیہ کردہ اند کہ از افعال خیر ثمر کمالات عالی می شوند
پس ہمانا این تکلیف و تخویف از ناملایم طبع باراده
افعال جمیلہ کہ مہم کمال انسانی بودہ ست حامل و باعث
می شود و چون وفاء امر تہدیدی موکد بہ عقوبت بودہ
است لاجرم عقوبت نیز از بواعث اشغال خیر
ثمر زا است منتہائے کار آنکہ عقوبت بہ نسبت شخص
معذب اگر شر نیز باشد چہ باک کہ ہرگاہ تکمیل نفوس
بنظر شیئیت وے بافعال خیر وابستہ اوست این قدر
شر قلیل زنہار قابل التفات عاقلان نیست کہ ترک
خیر کثیر از بہر شر یسیر بہتر نیست انتہی المختصر ہر کرا برائے
شقاوت آفریدہ اند جز اختیار حرکات اہل شقاوت
نکند کہ اما الذین شقوا ففی النار[1] و اہل ایمان
را بیان می کند کہ و اما الذین آمنوا و عملوا الصالحات[2]
فلہم جنات الماوی پس شیوۂ ارادت اہل
شرع شرعا قبول نمی کند چرا کہ شرع می گوید

روحانی جو بظاہر شر ہے یون ہے کہ جب نفس
انسانی اپنے جوہر ذات مین ہر طرح کے کمال کی
قابلیت رکھتا ہے اور وجود و حکمت الٰہی خود افاضۂ
کمالات کی مقتضی ہے مگر اون کے حسب استعداد
کیونکہ وہ کمالات افعال خیر کی وجہ سے حاصل
ہوتے ہین اور اس حیثیت سے کہ انسان مین بعض اور
قوے بھی ایسے رکھے گئے ہین کہ جن سے بوجہ افعال
نیک کمالات عالی پیدا ہوتے ہین تو پھر یہ تکلیف و تخویف
ناپسندیدہ امور سے پسندیدہ امور کے ارادہ کا باعث ہوتی
ہے اور چونکہ وفاے امر تہدیدی موکد بعذاب ہو چکی ہے
لہذا عذاب بھی بواعث افعال نیک سے سمجھے جانے
کے لائق ہے انجام کار یہ کہ عذاب بہ نسبت شخص معذب
اگر شر بھی ہو تو کیا حرج کیونکہ جب تمام نفوس کی تکمیل بنظر
شیئیت افعال نیک سے وابستہ ہی تو اس قدر شر
قلیل ہرگز قابل توجہ عقلا نہین کیونکہ بوجہ شر قلیل
خیر کثیر کا ترک اچھا نہین انتہی مختصر یہ کہ جو شقاوت کے
لیے پیدا کیا گیا ہے وہ بری باتون کے سوا اور کچھ نہ کریگا
کہ و اما الذین شقوا ففی النار اور اہل ایمان کی صفت
یہ ہے کہ و اما الذین آمنوا و عملوا الصالحات
فلہم جنات الماوی پس شیوۂ ارادت
شرعا مقبول نہین کیونکہ شرع تو یہ کہتی ہے کہ

[1] جنہون نے شقاوت کی وہ دوزخ میں ہین ۱۲
[2] اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے پس ان کے لیے جنت الماوی ہے ۱۲

اعملوا لکل میسر لما خلق له ازین کلمات می فہم
که سامع را در خاطر خواہد آمد که از دعوت انبیاء و رسل
چه فائده است پس باید دانست که دعوت انبیاء و
رسل یکی از اسباب حصول علم سعادت و شقاوت
است مثلا عسل زہر آمیخته در پیش کسی نہند و
او را آرزوے شہد بود اگر واقفے آن جا نه بود و او را
نگوید که این شہد زہر آلود است خوردن او جز ہلاکی
نه باشد پس انبیاء مخبران و آگاه کنندگان باشند که
از زہر دنیا خبری دہند زیرا که دنیا شہد زہر آلود است
اگرچه اہل ظاہر این شہد را که حظ عقبے است زہر آمیخته
نگویند که حظ ابدی ست و زہر سبب ہلاکی و در جنت
ہلاکی نیست اما اہل عشق این را ہم باز ہر آمیخته دانند
که نزدیک ایشان ہر که در مقام خواص مشاہده روئت
نه کند او ہلاک ابدی ست پس گروہے که برای حظ
بہشت و حور و قصور حضرت حق را پرستیده اند ایشان
را به حظ نعیم جنت مشغول کنند و رویت در مقام
عام باشد و درین سرے غریب است بدانکه دنیا را
محک آخرت کرده اند و قالب را محک جان گردانیده
صبغة الله ومن احسن من الله صبغة جوابے وافی
و بیانے شافی با خود دارد قال علیه السلام الدنیا
مزرعة الآخرة غرضکه دنیا تخمی ست که در میان

اعملوا الکل میسر لما خلق له ان باتون کو سن کر
میرے خیال مین سامع یہ کہے گا کہ پھر حضرات انبیاء
و رسل علیہم السلام کی دعوت سے کیا فائدہ لہذا
جاننا چاہیے کہ حضرات انبیاء و رسل علیہم السلام کی دعوت
بھی حصول علم سعادت و شقاوت کا ایک سبب
ہے جس کی مثال یون ہے کہ کسی خواہشمند شہد کے
روبرو زہر آلود شہد رکھا ہو اور کوئی واقف کار
وہان نہ ہو جو شہد کا زہر آلود ہونا بتاوے تو ضرور وہ
کھا کر مر جاوے گا اوسی طرح حضرات انبیاء و رسل
علیہم السلام بھی واقف کار ہین جو دنیا کا زہر بتلاتے
ہین کیونکہ وہ بھی زہر آلود شہد کی طرح ہے اگرچہ
اہل ظاہر اس شہد کو جو حظ عقبے و حظ ابدی ہے
زہر آلود نہین کہتے کیونکہ زہر سبب ہلاکی ہے اور جنت
مین ہلاکی نہین مگر اہل عشق اس کو بھی زہر آلود جانتے
ہین کیونکہ اون کے نزدیک جو کوئی مقام خواص مین
مشاہدہ نکرے وہ ہلاک ابدی ہے تو جن لوگون نے
لذت حور و قصور کے لیے خداوند تعالے کی عبادت کی وہ انکو
اوسی مین مشغول کریگا اور رویت عام مقام مین ہوگی اور
اسمین ایک بہت عمدہ راز ہے وہ یہ کہ دنیا آخرت کی اور جسم
جان کی کسوٹی ہے جسکا پورا جواب صبغة الله الخ ہے آنحضرت
صلعم نے فرمایا کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے غرضکہ دنیا ایک تخم

سلف عمل کرو ہر
بے شک ہر
شخص کے لیے
آسان کیگئی
ہے وہ چیز
جو بوسکے لیے
پیدا کی گئی ۱۲

سلف اللہ کا رنگ
اور کون اللہ
کے رنگ سے
اچھا ہے ۱۲

ازل وابد نہادہ اند درین خم حیلہ رنگہا آمد سعادت
از دنیا و قالب ظاہر شد و شقاوت نیز از دو ورنہ
ہمہ در فطرت یکسان بودندپس شقاوت از خلقت
نباید ما تری فی خلق الرحمن من تفاوت[1] بلکہ
از قوالب و قوابل آمدہ اگر دنیا و قالب ضروری
نبودے چرا خواجہ عالم صلعم را بدان حال باز نگذاشتندے
کہ بدعا و تضرع درحالے فرمودہ است یالیت[2]
رب محمد لم یخلق محمدًا و حضرت ابوبکرؓ فرمودہ
یالیتنی کنت ظھریًا ظھریًا[3] میدانی کہ این نالہ و
فریاد حضرت خواجہ عالم و حضرت ابوبکر از چیست
ہم ازین دنیا و قالب است لاجرم در جان سپاری باش
تا ہمچو ہزار خضر سرگردان تو باشند و عذاب و ثواب ہمہ
فی الواقع چیزے دیگر نیست خدا را ہمچنانکہ ہست موصوف
بہ اوصاف حمیدہ و منزہ از نقایص اعتبار باید کرد و
نسبت بہ ظلم و تعطل نباید داد و این ہمہ عذاب و ثواب
صور مثالیہ اعمال ماست اور امحض ہمچو صباغ تماشائی
توان دانست امید کہ این تحقیق در روز ازل سبب
ہدایت ما بودہ باشد و تخم سعادت ابدی در زمین
استعداد ما باشد۔ فقط

ازل وابد کے درمیان مین رکھا ہے جسمین سب ہی
رنگ ہین جسطرح سعادت دنیا اور قالب سے ظاہر ہوئی
شقاوت بھی اوسی سے ظاہر ہوئی ورنہ فطرتاً سب
یکسان تھے تو شقاوت خلقی نہین ہوتی ما تری فی
خلق الرحمن من تفاوت بلکہ قوالب و قوابل سے
ہوتی ہے اگر دنیا و قالب ضروری نہوتے تو آنحضرت صلعم کو
اوسی حال پر رہنے دیتے جسکی آپنے دعا مانگی تھی کہ یالیت
رب محمد لم یخلق محمدًا یا حضرت ابوبکر صدیق نے
فرمایا یالیتنی کنت ظھریًا ظھریًا آنحضرت صلعم و
حضرت صدیق اکبر کے اس نالہ و فریاد کا سبب یہی دنیا
و قالب ہے لہذا ہر وقت جان سپاری مین رہو تا کہ ہزار
خضر کی طرح تمھارے سرگردان ہون یہ سب عذاب و ثواب
واقعی کوئی اور چیز نہین حق کو بہ حیثیت حق اوصاف
حمیدہ سے موصوف اور نقایص سے منزہ سمجھنا اور
ظلم و تعطل کی جانب منسوب نہ کرنا چاہیے یہ عذاب و
ثواب ہمارے اعمال کی صور مثالیہ ہین وہ رنگریز
کی طرح محض تماشائی ہے۔ امید کہ یہی تحقیق ازل
مین میری ہدایت کا سبب ہوئی ہو اور تخم سعادت
ابدی میری زمین استعداد مین بوئے۔ فقط

[1] نہ دیکھیگا تو رحمن کی تخلیق مین فرق ۱۲
[2] کاش محمد کا پروردگار محمد کو نہ پیدا کرتا ۱۲
[3] کاش مین بھولا دیا گیا ہوتا ۱۲
[4] اے پروردگار ہمارے دل نہ پھیر جبکہ ہم کو ہدایت دے چکا اور دے ہمکو اپنے یہان سے مہربانی تو ہی بڑا دینے والا ہے ۱۲

ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب[4]

تمت بالخیر